**Series SKS/1/C**

کوڈ نمبر

Code No. **251/1/3**

رول نمبر

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ اس سوال کے پرچہ میں چھپے ہوئے صفحات 8 ہیں۔
- سوال کے پرچہ کے داہنی طرف کوڈ نمبر لکھا ہوا ہے جو طلباء کو اپنی جواب کی کاپی کے اوپر لکھنا ہے۔
- برائے مہربانی چیک کیجئے کہ سوال کے پرچہ میں 32 سوال ہیں۔
- **برائے مہربانی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 منٹ سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کی کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **8** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **32** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# معاشیات

# ECONOMICS

**(Urdu Version)**

مقررہ وقت : 3 ، گھنٹہ

کل نمبر: 100

*Time allowed : 3 hours*

*Maximum Marks : 100*

**عام ہدایات :**

(i) دونوں حِصّوں کے سوال لازمی قسم کے ہیں۔

(ii) ہر سوال کے نمبر اُس کے سامنے درج ہیں۔

(iii) سِلسِلہ نمبر 1 سے 5 اور 17 سے 21 کے سوال چھوٹے جوابوں والے ہیں۔ اِن کے جواب ایک ایک فِقرہ میں دیئے جائینگے۔ یہ ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔

(iv) سِلسِلہ نمبر 6 سے 10 اور 22 سے 26 کے سوال بھی چھوٹے جوابوں کے ہیں، جو فی سوال 60 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔ یہ ہر سوال 3 نمبروں کا ہے۔

(v) سِلسِلہ نمبر 11 سے 13 اور 27 سے 29 کے سوال بھی چھوٹے جوابوں کے ہیں، جو فی سوال 70 الفاظ تک ہو سکتے ہیں۔ یہ ہر سوال 4 نمبروں کا ہے۔

(vi) سِلسِلہ نمبر 14 سے 16 اور 30 سے 32 کے سوال لمبے جوابوں کے ہیں، جو فی سوال 100 الفاظ کے ہو سکتے ہیں۔ یہ ہر سوال 6 نمبروں کا ہے۔

(vii) سِلسِلہ نمبر 11 اور 19 کے سوال قدر انحصاری ہیں۔

(viii) آپ کے جواب مختصر اور مضمون متعلقہ ہونے چاہئیں اور جہاں تک ممکن ہو سُجھائی گئی الفاظی حد کے اندر ہوں۔

## سیکشن - A

1۔ کب کسی شے کو ادنیٰ شے کہا جاتا ہے ؟ 1

2۔ ایک 'عامل کے حاصل' (Returns to a factor) کے معنی لکھیئے۔ 1

3۔ جب کسی بازار میں کوئی فرم ایک شے کی کوئی بھی مقدار کسی مقررہ قیمت پر بیچ سکتی ہے تو اس شے کے لئے بازار میں حاشیائی محاصل کا طرزِ عمل کیا ہوگا ؟ 1

4۔ "لاگت باموقع" کی اصطلاحی تعریف لکھیئے۔ 1

5۔ بے نیازی نقشہ کی اصطلاحی تعریف لکھیئے۔ 1

۶۔ ایک شے کی قیمت 5 روپیہ فی شے سے بڑھ کر 6 روپیہ فی شے ہوجاتی ہے لیکن اِس کا اُس کی طلب پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اِس شے کے لئے طلب کی قیمت لوچ محسوب کیجئے۔ 3

7۔ ایک ہی شکل میں کُل تبدیل کاری لاگت کا خط اور کُل لاگت کا خط کھینچئے۔ 3

-یا-

اوسط غیر متغیّر لاگت کا طرزِ عمل سمجھائیے۔ موزوں شکل کو استعمال کیجئے۔

**نوٹ: ذیلی سوال، سوال نمبر 7 کے عوض میں فقط نابینا طلبا کے لئے ہے۔**

ایک ہندسہ وار مثال کی مدد سے کُل متغیّر لاگت کے طرزِ عمل کی مختلف حالتوں کو بیان کیجئے۔ 3

-یا-

ایک ہندسہ وار مثال کی مدد سے اوسط غیر متغیّر لاگت کے طرزِ عمل کی وضاحت کیجئے۔

8۔ رسد کی قیمت لوچ کے نظریہ کی وضاحت کیجئے۔ کب رسد کی قیمت لوچ کی قدر ایک ہوتی ہے؟ 3

۹۔ پیداکاری ممکنات کے خط کی تشکیل کے لئے ذمہ دار کوئی تین مفروضات بیان کیجئے۔ 3

۱۰۔ حاشیائی افادیت کی ایک ہندسہ وار مثال کی مدد سے وضاحت کیجئے۔ 3

۔11 سگریٹ پینا صحت کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے۔ کیا فقط نارمل بازاری طاقتوں کی مدد سے سرکار اِس بُرائی کو کم کرسکتی ہے۔ سرکاری عملوں کے سِلسلہ کی وضاحت کیجئے۔ 4

۔12 کِسی شے کی رسد پر مندرجہ ذیل عملوں کے اثر کو سمجھائیے۔ 4

(i) حصولیات کی قیمت میں تبدیلی

(ii) ٹیکنالوجی میں ترقی

۔یا۔

واضح کیجئے کہ مندرجہ ذیل عوامِل کِسی شے کی رسد کو کِس طرح اثر انداز کرتے ہیں:

(i) پیداکاری پر سبسڈی (امداد Subsidy)

(ii) دیگر اشیاء کی قیمتوں میں تبدیلی

۔13 ایک صارف فقط دو اشیاء 'X' اور 'Y' کا صَرف کرتا ہے اور توازن میں ہے۔ شے 'Y' کی قیمت بڑھ جاتی ہے۔ ثابت کیجئے کہ اِس سے شے 'Y' کی مانگ میں گِراوٹ ہو جائے گی۔ 4

۔14 ایک مکمل مسابقتی بازار کے مندرجہ ذیل خواصوں سے حاصل حصولیات کی وضاحت کیجئے۔ 6

(i) فرموں کو صنعت میں داخل ہونے کی آزادی ہونا۔

(ii) فرموں کو صنعت سے علیحدہ ہونے کی آزادی ہونا۔

15۔ بے نیازی خطوں کے تجزیہ متعلقہ صارف کے توازن کی شرائط کو لکھیئے اور سمجھائیے۔ 6

—یا—

بے نیازی خطوں کی تین 3 خاصیتوں کو لکھیئے اور سمجھائیے۔

16۔ مندرجہ ذیل جانکاری سے وجہ بیان کرتے ہوئے پیداوار کے توازن لیول کی پہچان کیجئے اور اِس لیول پر نفع معلوم کیجئے۔ حاشیائی لاگت اور حاشیائی محاصل کے طریقہ کا استعمال کیجئے: 6

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پیداوار (اکائیاں) | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| کُل محاصل (روپیہ) | 11 | 19 | 24 | 28 | 30 |
| کُل لاگت (روپیہ) | 10 | 18 | 25 | 30 | 36 |

## سیکشن – B

17۔ درمیانی صرف (Consumption) کی اصطلاحی تعریف لکھیئے۔ 1

18۔ مبادلہ (Barter) کا مطلب کیا ہے؟ 1

19۔ امیروں اور غریبوں میں فرق کو کم کرنے کے لئے جو قدم سرکار بجٹ کے راستے سے اُٹھا سکتی ہے اُن سے کسی ایک کو لکھیئے۔ 1

20۔ ڈیپری سی ایشن ( Depreciation ) کیا ہوتا ہے ؟ 1

21۔ سرمایہ کاری ( Investment ) کی اصطلاحی تعریف کیجئے ۔ 1

22۔ 'آزادانہ سرمایہ کاری' اور 'ترغیب سے سرمایہ کاری' کے فرق کو سمجھائیے۔ 3

23۔ سرکاری خرچ کو محاصل خرچ اور اصل پر خرچ میں بانٹنے کی وجہ کیا ہے ؟
سرکاری ملازموں کو دی گئی تنخواہیں کس قسم کے خرچ میں ڈالی جائیں گی
اور کیوں ؟ 3

24۔ ہندوستان میں .U.S کے ڈالر کی تبادلہ در کافی بڑھ گئی ہے۔ اس کا
ہندوستان سے باہر بھیجے جانے والے مال پر کیا اثر ہو سکتا ہے اور کیوں ؟ 3

25۔ سمجھائیے کہ کرنسی نے کس طرح ضروریات کے دوہرے پن کے مسئلے کو حل
کیا ہے ؟ 3

۔ یا ۔

روپئے پیسے کی مہیا کاری کے نظریہ کی وضاحت کیجئے۔

26۔ مندرجہ ذیل جان کاری سے توازن لیول کی آمدنی محسوب کیجئے۔
(i) صفر آمدنی پر صرف کا خرچ = 40 روپیہ
(ii) صرف کی حاشیائی ممکنیت = 0.8
(iii) سرمایہ کاری = 80 روپیہ 3

27۔ ادائیگی کے توازن میں خود مختار لین دین اور صلح کاری کے لین دین میں فرق کیجئے۔ اِس فرق کی کیا اہمیت ہے ؟ 4

28۔ مرکزی بینک کے سرکاری بینکر اور ایجنٹ کے طور پر عملوں کی وضاحت کیجئے۔ 4

29۔ سمجھائیے کہ سرکاری بجٹ کے ذریعہ کس طرح سرکار وسائل کو بانٹنے پر اثر ڈال سکتی ہے ؟ 4

۔ یا ۔

مالی گھاٹا ( Fiscal Deficit ) اور ابتدائی گھاٹا ( Primary Deficit ) کے فرق کی وضاحت کیجئے۔

30۔ ایک شکل کی مدد سے افراط زر کے وقفہ اور افراطِ زر کے غیر وقفہ کے معنی واضح کیجئے۔ 6

**نوٹ :۔ مندرجہ ذیل سوال، سوال نمبر 30 کے عوض میں فقط نابینا طلباء کے لئے ہے۔**

افراطِ زر اور غیر افراطِ زر کے وقفوں کے معنی واضح کیجئے۔ اِس وقفہ کو کم کرنے کا کوئی ایک طریقہ سمجھائیے۔ 6

31- ذیلی جان کاری سے محسوب کیجئے (ب) پرائیویٹ آمدنی (ط) بازار قیمت پر کُل داخلی پیداوار :

| | روپیہ (اربوں میں) |
|---|---|
| (i) کارپوریشن ٹیکس | 10 |
| (ii) قائم اصل کا صرف | 15 |
| (iii) ذاتی قابلِ خرچ آمدنی | 150 |
| (iv) دساور سے خالص چالو تبادل | 6 |
| (v) دساور سے خالص عامل آمدنی | 7 |
| (vi) پرائیویٹ کارپوریٹ سیکٹر کی بچائی گئی کمائی | 5 |
| (vii) سرکاری ٹرانسفر ادائگیاں | 8 |
| (viii) ذاتی ٹیکس | 20 |
| (ix) نیشنل قرض پر سود | 9 |
| (x) سرکار کو ملنے والی داخلی آمدنی | 30 |
| (xi) خالص غیر ظاہرہ ٹیکس | 25 |

4, 2

32- وجہ دیتے ہوئے واضح کیجئے کہ مندرجہ ذیل مدوں کو نیشنل آمدنی کا تخمینہ کرنے میں کیسے استعمال کیا جائیگا :

(i) کسی فرم کی بجلی کا استعمال

(ii) سبکدوش ملازمین کو دی گئی پینشن

(iii) غریبوں کا ہسپتالوں میں مفت علاج

6

— یا —

'حقیقی آمدنی' کے نظریہ کی وضاحت کیجئے۔ سمجھائیے کہ بیرونی عوامل کے ہوتے ہوئے حقیقی نیشنل آمدنی کو اپنے آپ میں بہبودی کا صحیح اشاریہ نہیں مانا جاسکتا۔



50